StepChange Debt Charity Scotland

# کیا آپ اپنے بل ادا کرنے کے بارے میں پریشان ہیں؟

# آپ اکیلے نہیں ہیں۔

قرض کے بارے میں مفت اور غیر جانبدارانہ مدد حاصل کرنے کے لیے آپ کا ہدایت نامہ



آپ www.stepchange.org/scotland پر جا کر اس ہدایت نامے تک آن لائن رسائی حاصل کر سکتے ہیں

# کیا آپ کو اپنے بل ادا کرنے میں مشکل پیش آ رہی ہے؟

کیا اپنے گھریلو بلوں، کریڈٹ کارڈ یا دیگر قرضوں کی ہر وقت ادائیگی ہر روز کی جدوجہد ہے؟ کیا آپ اس خوف میں زندگی گزار رہے ہیں کہ کسی دن ان معاملات کو سنبھالنا بہت مشکل ہو جائے گا؟

آپ اکیلے نہیں ہیں۔ ہزارہا لوگ بھی اسی صورتِ حال کا شکار ہیں۔ ایسی چیزوں کا سامنا کرنا جنہیں آپ کنٹرول نہیں کر سکتے، جن کے لیے منصوبہ بندی نہیں کر سکتے، یا جن کی پیشین گوئی نہیں کر سکتے زندگی گزارنے کو مشکل بنا سکتا ہے۔ کیا ان میں سے کچھ آپ یا آپ کے کسی دوست کو شناسا لگتا ہے؟ ہو سکتا ہے آپ یہ اس لیے پڑھ رہے ہوں کیونکہ آپ مشکلات سے نکلنے کے راستے کے متلاشی ہیں۔

**قرض کے مسئلے کی نشانیاں:**

- قرضوں پر واجب الادا رقم کی صرف کم سے کم ادائیگی کرنا یا پھر ادائیگیاں چھوٹ جانا
- کرائے، کونسل ٹیکس یا یوٹیلیٹیز جیسے گھریلو بل ادا کرنے کے لیے کریڈٹ استعمال کرنا
- **عدالتی کاروائی** کا سامنا ہونا یا آپ کی اجرت میں تبدیلی ہونا
- ایسا واقعہ جو آمدنی میں نقصان یا زیادہ خرچ کا باعث بنا ہے، مثلاً نوکری سے نکالا جانا، طلاق، خاندان میں کوئی موت یا بچہ پیدا ہونا
- ضرورت سے زیادہ خرچ کرنا
- پریشان، تنہا یا ڈپریشن کا شکار محسوس کرنا - لوگوں سے ملنے ملانے کا وقت کم کر دینا، دوستوں سے دور رہنا
- مسائل کو چھپانا یا اپنے پیاروں کے ساتھ مالی معاملات پر بات کرنے سے گریز کرنا
- تھکا ہوا محسوس کرنا یا مشکل سے سونا



**میری کہانی:**

"میں StepChange Debt Charity Scotland کا کلائنٹ ہوں۔ میں قرض کی مشکلات کا شکار رہا ہوں اور میں وضاحت کرنے لگا ہوں کہ مجھے کیسا محسوس ہوتا تھا اور آپ کو اس ہدایت نامے کے ہر پہلو کے بارے میں بتاؤں گا۔ میں بمشکل گزارا کر رہا تھا اور اپنی ادائیگیاں کرتا جا رہا تھا لیکن پھر کرونا وائرس کی عالمی وبا نے آ گھیرا، نتیجے میں کام ختم ہو گیا اور مجھے برطرف کر دیا گیا۔ میں ہمیشہ ادائیگی اور سامان ادھر سے ادھر اچھے طریقے سے منتقل کرتا رہا تھا، لیکن جب میری تنخواہ کاٹ لی گئی تو زندگی گزارنا بہت مشکل ہو گیا۔ میں کسی طرح گزارا کرتا رہا لیکن کام پر واپس آنے کے کچھ مہینوں کے بعد میرے گھنٹوں میں کمی کر دی گئی اور میں نے اپنی تمام بچتیں استعمال کر ڈالیں۔

**"مجھے سونے میں مشکل پیش آ رہی تھی اور یہ سب کچھ برداشت سے باہر ہوتا جا رہا تھا۔ مجھے پتہ تھا کہ میں ایک اور مہینہ نہیں نکال پاؤں گا۔**

"قرض کے بارے میں مشورہ لینا ایک اتنا بڑا قدم محسوس ہو رہا تھا۔ مجھے ایسا محسوس ہو رہا تھا کہ میں ایک ناکام شخص تھا اور یہ کہ لوگ میرے بارے میں آرا قائم کریں گے لیکن میں غلط تھا۔ جونہی میں نے رقم کے ایک مشیر سے بات کی میرے اوپر سے اسی وقت ایک بوجھ اتر گیا اور مجھے ایسا لگا کہ میرے پاس آگے بڑھنے کے لیے ایک منصوبہ موجود تھا۔"

# مدد کہاں سے حاصل کی جائے

یہ سمجھنا اہم ہے کہ جتنی جلدی آپ کسی مفت، **غیر جانبدار** رقم کے مشیر سے مدد مانگیں گے اتنے ہی زیادہ آپشنز آپ کے پاس ہوں گے اور آپ کو کم ذہنی دباؤ محسوس ہو گا۔ یاد رکھیں قرض کا مشورہ لینے میں کوئی حرج نہیں اور اس سے آپ کی کریڈٹ فائل پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔ مشورہ رازدارانہ ہے - کسی اور شخص کو پتہ نہیں چلے گا۔ مزید یہ کہ حالات کٹھن لگنے یا مدد کی درخواست کرنے میں کوئی شرم یا قصور وار ٹھہرائے جانے کی بات نہیں ہے۔

چاہے آپ کافی عرصے سے مشکلات سے لڑ رہے ہوں یا آپ کو لگے کہ یہ بس تھوڑے عرصے کا مسئلہ ہے، پھر بھی مشورہ لینے کا فائدہ ہو سکتا ہے۔

اس سے رقم کی بچت ہو سکتی ہے، آپ کے ذہنی دباؤ کا درجہ کم ہو سکتا ہے اور زندگی کو صحیح سمت میں چلانے میں مدد مل سکتی ہے۔

اگر آپ کی مادری زبان انگریزی کے علاوہ کوئی اور ہے تو تب بھی مدد مانگنے سے نہ گھبرائیں کیونکہ آپ مشیر سے بات کرنے کے لیے اپنے کسی دوست یا رشتے دار کی مدد لے سکتے ہیں۔ ہو سکتا ہے کچھ تنظیمیں پیشہ ورانہ ترجمان کا انتظام بھی کر سکیں۔

## ابھی مدد حاصل کریں

شاید آپ کو پتہ نہیں ہو گا کہ بس پہلے کیا کرنا ہے اور کہاں سے مدد حاصل کرنی ہے۔ **مفت اور غیر جانبدارانہ مشورے**سے آپ شروعات کرنا چاہیں گے۔

جن تین طریقوں سے لوگ مشورہ حاصل کرتے ہیں وہ کسی سے آمنے سامنے بات کرنا، مدد کے لیے فون کرنا یا کوئی آن لائن ٹول استعمال کرنا ہیں۔

StepChange Debt Charity Scotland سے بذریعہ فون یا آن لائن رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ آپ کی مقامی Citizens Advice بھی مدد کر سکے گی یا پھر ہو سکتا ہے آپ کی مقامی کونسل یا رہائشی انجمن کے پاس مشاورتی سروس ہو۔

Christians Against Poverty کئی شعبوں میں مشورہ اور معاونت پیش کرتی ہے۔

آپ کا بینک یا کوئی اور قرض دہندہ آپ کو قرض کا مشورہ حاصل کرنے کا کہہ سکتا ہے۔ آپ کو اپنے قرضوں کے بارے میں کسی سے بات کرنے کے لیے حوالے (referral) کی ضرورت نہیں ہے۔

آن لائن مشورہ تلاش کرتے ہوئے **ڈیجیٹلی محفوظ** رہنا یاد رکھیں۔ ایسی بہت سی کمپنیاں ہیں جو مشورہ فراہم کرنے والوں کی ویب سائٹس کی نقل کرتی ہیں تاکہ وہ آپ کی ذاتی معلومات چوری کر سکیں۔ بصورتِ دیگر مشورے اور اعانت کے لیے آپ کو رقم دینا پڑے گی۔

**i**

**اپنے قرضوں سے نمٹنے کے لیے معاونت حاصل کرنے کا طریقہ جاننے میں یہ ہدایت نامہ آپ کی مدد کرے گا۔ یہ آپ کو بتائے گا کہ کیا توقع کرنی ہے اور کیا کرنا ہے۔**

**اس کتابچے میں کچھ پیچیدہ یا تکنیکی الفاظ ہو سکتے ہیں جن کے لیے آپ کو مدد کی ضرورت ہو سکتی ہے، اس لیے ہم نے صفحہ 22 پر ان الفاظ کی وضاحت فراہم کی ہے۔**

# یہ کیسے پتہ چلے گا کہ آپ کسی محفوظ تنظیم سے بات کر رہے ہیں

کسی بھی ذاتی معلومات کا اشتراک کرنے سے پہلے، یقینی بنائیں کہ آپ تنظیم کی صحیح ویب سائٹ پر ہیں یا صحیح لوگوں سے بات کر رہے ہیں

- اگر کوئی کمپنی آپ کو کال کرتی، ای میلیں یا پیغامات بھیجتی ہے اور آپ نے ان سے پہلے رابطہ نہیں کیا ہے تو ہوشیار رہیں۔ ہو سکتا ہے وہ کہیں کہ وہ StepChange Debt Charity Scotland یا Citizens Advice سے ہیں۔ بہتر یہ ہو گا کہ آپ فون کاٹ دیں یا ای میل یا ٹیکسٹ حذف کر دیں۔ سرچ انجن کے ذریعے اس تنظیم کی درست رابطہ تفصیلات تلاش کریں جس سے منسوب ہونے کا وہ دعوی کر رہے ہیں
- اگر کوئی ویب سائٹ یا سروس ایسے بلند و بالا وعدے کرتی ہے کہ ان کے سچ ہونے کا یقین نہیں آتا جیسے "آپ کا 80 فیصد قرض ختم ہو جائے گا" تو محتاط رہیں۔ اس کا مقصد عموماً آپ کو بہلا پھسلا کر کسی غیر منضبط کمپنی کو اپنے ذاتی کوائف دینا ہوتا ہے
- کچھ کمپنیاں محفوظ قرض کے مشیر کی ویب سائٹ کی نقل کر سکتی ہیں، مثال کے طور پر فون نمبر میں معمولی تبدیلیاں کر کے۔ چیک کریں کہ آپ جس ویب سائٹ کو دیکھ رہے ہیں اس کا پتہ، مثلاً www.stepchange.org، درست ہے اور اس میں غلط معلومات نہیں ہیں، جس کا مطلب یہ ہو سکتا ہے کہ یہ جعلی ہے
- اگر آپ قرض کے متعلق مشورے کی سروسز آن لائن تلاش کر رہے ہیں تو آپ کو ایسے تلاش کے نتائج سے ہوشیار رہنا چاہیے جو محض اشتہارات کے طور پر نظر آئیں اور ان کے ساتھ "Ad" کا نشان نظر آئے
- قرض کے متعلق مشورہ فراہم کرنے والی تنظیمیں فنانشل کنڈکٹ اتھارٹی سے رجسٹر شدہ اور اجازت یافتہ ہونی چاہئیں۔ آپ یہاں دیکھ سکتے ہیں کہ کیا کمپنیاں رجسٹرڈ ہیں: **www.register.fca.org.uk**

### کیا مجھے معاوضہ دے کر قرض کے متعلق مشورہ لینا چاہیے؟

ایسی کئی کمپنیاں ہیں جو آپ کے قرض کے سلسلے میں مشورہ اور مدد فراہم کرنے کے لیے آپ سے معاوضہ لیں گی۔

لیکن بہت سی تنظیمیں ایسی بھی ہیں، جیسے StepChange Debt Charity Scotland، Citizens Advice یا Christians Against Poverty یا آپ کی مقامی کونسل میں مشورے کی سروسز، جو آپ کو مفت مدد دیں گی۔

# اگر میں معاوضہ نہ دے سکوں تو کیا ہو گا؟

آپ کے **قرض خواہ** ایسی کمپنیاں اور لوگ ہیں جن سے آپ نے قرض لے رکھا ہے، جیسے بینک، دکانیں، کیٹلاگ کمپنیاں، کونسلیں، قرض جمع کرنے والے کارکن یا خاندان اور دوست۔ زیادہ تر قرض خواہ آپ سے واجبات وصولی کرنے کے لیے کوئی باضابطہ کارروائی کرنے سے پہلے آپ کو کئی انتباہی خطوط، ای میلیں یا پیغامات بھیجیں گے۔

خواہ آپ کے قرض خواہ رقم کی وصولی کے لیے آپ کے پیچھے پڑے یا نہ پڑے ہوں، جتنی جلدی آپ مشورہ حاصل کریں گے اتنا ہی بہتر ہو گا۔ آپ مزید ذہنی دباؤ اور فکرمندی سے بچ سکتے ہیں اور آپ کو اپنے بلوں کی ادائیگی کے لیے زیادہ آپشنز بھی حاصل ہو سکتے ہیں۔

اگر آپ نے اپنے قرض خواہوں کو ادائیگی بند کر دی ہے یا کوئی ادائیگی چھوٹ گئی ہے تو وہ عموماً آپ کی چھوٹی ہوئی ادائیگیوں کے بارے میں کسی **کریڈٹ ریفرنس ایجنسی** کو بتائیں گے۔ اس کا آپ کی کریڈٹ ریٹنگ پر اثر پڑ سکتا ہے اور آئندہ کریڈٹ حاصل کرنے کی آپ کی صلاحیت میں کمی آ سکتی ہے۔

توقع یہ ہے کہ آپ کے قرض خواہ معقول ہوں گے اور انہیں آپ سے اچھا برتاؤ کرنا چاہیے۔ اگر آپ کسی مالیاتی مشیر سے بات کر رہے ہیں تو ہو سکتا ہے وہ آپ کے قرض خواہوں سے رابطہ کر کے انہیں بتائے کہ آپ مشورہ حاصل کر رہے ہیں کہ اس صورتِ حال سے نمٹنے کا بہترین طریقہ کیا ہے۔ ہو سکتا ہے کہ آپ کے قرض خواہ نے خود ہی آپ کو کسی مالیاتی مشیر سے رابطہ کرنے کا کہا ہو۔

ہو سکتا ہے کہ آپ کے قرض خواہ قرض کا کوئی مختلف حل قبول کرنے پر تیار ہوں، خصوصاً اگر یہ کسی مشیر نے تجویز کیا ہو۔ آپ آنے والے صفحات میں قرض کے مختلف حلوں کے بارے میں مزید پڑھ سکتے ہیں لیکن پہلے آپ کو حساب لگانا چاہیے کہ آپ پر کتنا قرض ہے اور آپ کو کتنی آمدنی حاصل ہو رہی ہے۔ آن لائن قرض کے مشورے کے سیشن میں شرکت کرنا یا کسی مشیر سے مشورہ کرنا آپ کو یہ فیصلہ کرنے میں مدد دے گا کہ آگے کیا کرنا ہے۔

قرض خواہ اپنی رقم واپس لینے کے لیے بہت کچھ کر سکتے ہیں۔

کچھ قرض خواہ کسی قرض وصول کنندہ کو قرض منتقل یا فروخت کر سکتے ہیں جو رقم واپس حاصل کرنے کے لیے آپ سے رابطہ کرے گا۔ یاد رہے کہ قرض وصول کنندہ کے پاس اصل قرض خواہ سے زیادہ طاقت نہیں ہے۔

وہ آپ کو عدالت میں لے کر جا سکتے ہیں۔ عموماً آپ کو عدالتی فارم بھیجے گئے ہوں گے، اور اگر آپ اتفاق کرتے ہیں کہ آپ مقروض ہیں، تو آپ عدالت سے اسے واپس کرنے کے لیے وقت مانگ سکتے ہیں۔ اگر آپ کے خیال میں آپ مکمل یا جزوی طور پر مقروض نہیں ہیں تو آپ عدالت میں جا کر اس کی وضاحت کر سکتے ہیں۔

اگر عدالت فیصلہ کرتی ہے کہ آپ مقروض ہیں تو قرض خواہ آپ کے خلاف کارروائی کر سکتا ہے۔ وہ **شیرف افسر** کے ذریعے آپ سے رابطہ کر سکتے ہیں یا براہ راست آپ کی تنخواہ یا بینک اکاؤنٹ سے پیسے کاٹ سکتے ہیں

یا پھر عدالت آپ کو اپنی جائیداد بیچنے سے روک سکتی ہے۔ تاہم، کوئی بھی کارروائی شروع ہونے سے پہلے، عموماً آپ کو بتایا جائے گا کہ کیا ہونے والا ہے اور آپ کو قرض ادا کرنے کے لیے ایک مقررہ وقت دیا جائے گا یا کوئی **ادائیگی کا منصوبہ**تجویز کیا جائے گا۔ یہ اہم ہے کہ اگر ایسا ہوتا ہے تو آپ جتنی جلدی ہو سکے مشورہ حاصل کریں۔

رہن فراہم کنندگان اور جائیداد مالکان آپ کو **گھر سے نکلوانے** کی کوشش کر سکتے ہیں اگر آپ اپنی ادائیگیوں میں پیچھے رہ جاتے ہیں۔ آپ کو کسی عدالتی حکم کے بغیر اپنے گھر سے نہیں نکالا جا سکتا ہے۔ زیادہ تر جائیداد مالکان اور رہن فراہم کنندگان آپ کو گھر سے نکالنے کے لیے عدالت کا رخ کرنے سے پہلے قرض کی ادائیگی کی شرائط سے اتفاق کرنے کے لیے آپ سے بات چیت کریں گے۔



**میری کہانی:**

"میں فون اٹھانے اور اس بارے میں بات کرنے کے متعلق بہت پریشان تھا - مجھے بس یہ پتہ نہیں تھا کہ کہاں سے شروع کروں۔ مجھے بہت شرمندگی اور پشیمانی محسوس ہو رہی تھی کہ میں نے چیزوں کو اتنا مشکل بنا دیا تھا۔ لیکن جونہی مالیاتی مشیر سے میری بات ہوئی مجھے بڑا حوصلہ محسوس ہوا۔ وہ بہت پر سکون، پیشہ ور تھے اور انہوں نے مجھے بتایا کہ اکیلے پریشان ہونے سے کہیں بہتر ہے کہ کسی سے بات کی جائے۔"

# مشیر سے رابطہ کرنے پر مجھے کیا توقع کرنی چاہیے؟

ہو سکتا ہے آپ قرض کے متعلق مشورہ حاصل کرنے کے بارے میں پریشانی کا شکار ہوں، خصوصاً تب جب آپ کو پتہ نہ ہو کہ کیا ہو گا۔ آپ اکیلے نہیں ہیں اور آپ ابھی بھی مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ اپنے قرض کے مسائل کو تسلیم کرنے اور اس پر کارروائی کرنے سے آپ بہتر محسوس کریں گے۔



میری کہانی:

"یہ میری غلطی نہیں تھی کہ میری آمدنی اتنی کم ہو گئی تھی لیکن میں اپنے آپ کو موردِ الزام ٹھہراتا رہا کہ میں نے پیشگی منصوبہ بندی کیوں نہ کی۔ میرے مالیاتی مشیر نے یہ سمجھنے میں میری مدد کی کہ بہت سے لوگ آمدنی میں اچانک اتنی کمی ہونے سے خود کو مشکلات کا شکار محسوس کرنے لگیں گے۔ اس میں شرمندہ ہونے والی کوئی بات نہیں۔"

یاد رکھیں کہ آپ کے بارے میں رائے قائم نہیں کی جائے گی، شرمندہ نہیں کیا جائے گا اور نہ آپ کو یہ احساس دلایا جائے گا کہ آپ نے کچھ غلط کیا ہے۔ آپ مدد کے لیے جس کے پاس بھی جائیں، طریقہ کار ملتا جلتا ہونا چاہیے۔

مشورہ لینے سے پہلے اپنے مالی معاملات کے بارے میں معلومات جمع کرنا اور انہیں اپنے پاس رکھنا اچھا خیال ہے:

- آپ کی آمدنی کی تفصیلات - تنخواہ کی رسیدیں، پنشن اسٹیٹمنٹ اور مراعات کے متعلق خطوط
- اپنے گھر کے بلوں اور گزر بسر کے اخراجات کی تفصیلات - یعنی آپ گھر داری اور غذا، سفر اور گزر بسر کے اخراجات پر جو خرچ کرتے ہیں
- آپ کی تازہ ترین بینک اسٹیٹمنٹ اور کسی قرض یا کریڈٹ معاہدے کی نقول
- آپ کے تمام قرضوں کی تفصیلات، بشمول آپ پر کتا قرض ہے، تازہ ترین خطوط اور جو کچھ آپ موجودہ قرضوں کی مد میں ادا کر رہے ہیں

اگر آپ کو ٹھیک سے علم نہیں کہ آپ نے کس سے قرض لیا ہے تو **کریڈٹ رپورٹ** سے مدد مل سکتی ہے۔ آپ TransUnion، Equifax یا Experian کے ذریعے کریڈٹ رپورٹ تک رسائی کر سکتے ہیں، اور بہت سی یہ کریڈٹ ریفرنس ایجنسیاں ایک مہینے کا مفت ٹرائل پیش کرتی ہیں جہاں آپ اپنی کریڈٹ فائل تک آن لائن رسائی کر سکتے ہیں

- عدالتی کاغذوں کی نقل

قرض کے متعلق مشورے کے دوران، یہ معلومات اپنے ماہانہ بجٹ کا حساب لگانے میں آپ کی مدد کے لیے استعمال کی جائیں گی۔ آپ جس مالیاتی مشیر یا آن لائن سروس کی خدمات استعمال کر رہے ہیں وہ بھی عملی مشورہ فراہم کر سکیں گے اور اگر آپ کو کسی **عدالتی حکم کے نفاذ کی کارروائی** کا سامنا ہے تو اس میں بھی آپ کی مدد کر سکیں گے۔ یہ اہم ہے کہ آپ کھل کر دیانتداری سے مشیر کو سب بتائیں تاکہ وہ آپ کی صورتِ حال کو سمجھ کر آپ کی مخصوص ضروریات کے مطابق مشورہ دے سکے۔ آپ کی فراہم کردہ معلومات خفیہ رکھی جائیں گی اور انہیں آپ کے لیے صرف قرض کا بہترین حل نکالنے کے لیے استعمال کیا جائے گا۔

# بجٹ بنانا

بجٹ میں آپ کی موصول کردہ تمام آمدنی اور ہر اس چیز کی تفصیل ہوتی ہے جس پر آپ ہر مہینے رقم صرف کرتے ہیں۔ مالیاتی مشیر بجٹ بنانے میں آپ کی مدد کرے گا۔

بجٹ بنانا اپنے مالی معاملات کو کنٹرول کرنے اور اپنے حالات کو دوبارہ صحیح سمت میں موڑنے کی طرف پہلا قدم ہے۔ بجٹ تیار کرنا یہ دیکھنے میں آپ کی مدد کرتا ہے کہ رقم کہاں لگ رہی ہے اور اس طرح یہ یقینی بنانا آسان ہو جاتا ہے کہ آپ کو جن چیزوں کی ادائیگی کرنے کی ضرورت ہے وہ سب آپ کی استطاعت میں ہیں۔ بجٹ بنانا ایسے شعبوں کا سراغ لگانے کا زبردست طریقہ ہے جہاں آپ ممکنہ طور پر بچتیں کر سکتے ہیں اور یہ غیر متوقع ادائیگیوں سے نمٹنے کی پہلے سے بہت بہتر صلاحیت دے سکتا ہے۔

### مرحلہ 1: اپنی تمام آمدنی کا حساب لگائیں

آپ کامالیاتی مشیر یا قرض کے متعلق مشورے کا آن لائن ٹول ہر مہینے آپ کو موصول ہونے والی تمام آمدنی کو جمع کرے گا اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ اجرتوں، فوائد یا پنشنوں جیسی ہر چیز کو شامل کیا گیا ہے۔ کوئی بھی اور رقم جو آپ باقاعدگی سے موصول کرتے ہیں جیسے اپنے پارٹنر یا اپنے زیرِ کفالت لوگوں کی طرف سے کرایہ بھی شامل ہونا چاہیے۔

آپ کامالیاتی مشیر آپ کو ان تمام فوائد کے بارے میں مشورہ دے سکتا ہے جن کے آپ حقدار ہیں۔

### مرحلہ 2: آپ ہر مہینے جو کچھ خرچ کرتے ہیں اس کی فہرست بنائیں

پھر آپ کو اپنے سب سے اہم بل جیسے آپ کے رہن، قرضے، کرایہ، کونسل ٹیکس، گھر کے بل جیسے گیس اور بجلی اور **کرائے پر خریداری** یا **ذاتی معاہدے پر خریداری کے اقرار ناموں** (جو عموماً گاڑی خریدنے کے لیے استعمال ہوتے ہیں) کی فہرست بنانے کا کہا جائے گا۔

یہ اہم ہیں کیونکہ ان کی ادائیگی نہ کرنے کے نتائج خرچ کی دوسری اقسام کی نسبت زیادہ ہوتے ہیں۔ یہ آپ کے **ترجیحی قرضے** ہیں۔ مثلا اگر آپ اپنا کرایہ یا رہن کی قسط ادا نہیں کرتے تو آپ اپنے گھر سے محروم ہو سکتے ہیں۔ آپ کو ہمیشہ اپنے دوسرے قرضوں کی نسبت انہیں پہلے ادا کرنا چاہیے۔ اگر آپ ان ترجیحی بلوں کی ادائیگیوں میں پہلے ہی پیچھے رہ چکے ہیں اور واجب الادا رقم نکلوانے کے لیے کارروائی کی جا رہی ہے تو آپ کے مشورے میں اس بات کو مد نظر رکھا جائے گا۔

اس کے بعد آپ دیکھیں گے کہ آپ گزر بسر کے اخراجات، جیسے خوراک، کپڑے اور غسل خانے کے سامان، سفر، فون اور انٹرنیٹ، پر عموماً کتنا خرچ کرتے ہیں۔ خریداری کی رسیدیں یہ حساب لگانے میں آپ کی مدد کر سکتی ہیں کہ آپ ہر مہینے ان چیزوں پر کتنا خرچ کرتے ہیں۔

اگر آپ کو ٹھیک سے علم نہیں کہ آپ کس چیز پر اپنی رقم خرچ کر رہے ہیں تو ہر وہ چیز لکھنے کی کوشش کریں جو آپ ایک مہینے میں خریدتے ہیں۔ اس سے آپ کو اپنے باقاعدہ خرچ کا بہتر اندازہ ہو گا۔

ایک مالیاتی مشیر یا کسی ویب سائٹ پر آن لائن ٹول آپ کی آمدنی کو زیادہ سے زیادہ کرنے کی کوشش کرے گا اور ہو سکتا ہے ایسی چیزوں کے بارے میں تجاویز دے جہاں آپ بچت کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کے حالات میں حال ہی میں تبدیلی ہوئی ہے تو یہ چیک کرنا مفید ہو گا کہ کیا آپ ایسی مراعات کی درخواست کر سکتے ہیں جن کے آپ حقدار ہیں۔ ایک نئی ایجنسی، Social Security Scotland، اسکاٹ لینڈ میں دیگر مراعات فراہم کرنے کے لیے بنائی گئی ہے۔

**مرحلہ 3: اپنی ماہانہ آمدنی سے وہ کُل رقم نکال دیں جو آپ ہر مہینے خرچ کرتے ہیں۔**

اگر سب کچھ کے لیے ادائیگی کرنے کے بعد آپ کے پاس کچھ رقم بچ جاتی ہے تو آپ کے پاس **زائد بجٹ** ہوتا ہے۔ اگر آپ آمدنی سے زیادہ رقم خرچ کر رہے ہیں تو آپ کو**بجٹ خسارہ** ہوتا ہے۔

جب آپ کا کسی بجٹ پر اتفاق ہو جائے اور آپ اپنے ترجیحی بلوں اور گزر بسر کے اخراجات کو ادا کر سکتے ہوں تو آپ کا مالیاتی مشیر دیکھے گا کہ آپ کے **غیر محفوظ قرضوں**کا نظم کرنے کے لیے کون سے آپشنز دستیاب ہیں۔ غیر محفوظ قرض کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ قرض لیتے ہوئے آپ نے اسے اپنی خریدی ہوئی کسی چیز کے بدلے 'محفوظ' نہیں کیا تھا، جیسے آپ کا گھر یا گاڑی۔

آپ کے غیر محفوظ قرضوں میں شامل ہیں ذاتی قرضے، کریڈٹ کارڈ، اوور ڈرافٹس، اسٹور کارڈ، کیٹلاگ قرضے یا منسوخ معاہدے، جیسے موبائل فون کے پرانے قرضے۔

ان قرضوں کو **غیر ترجیحی** کہا جاتا ہے کیونکہ انہیں ادا نہ کرنے کے نتائج اپنے ترجیحی قرضوں کو ادا کرنے سے کم شدید ہوتے ہیں۔

جب آپ کو علم ہو جائے کہ آپ کے پاس کتنی آمدنی بچی ہے تو پھر آپ سوچ سکتے ہیں کہ اپنے غیر ترجیحی قرضوں سے کیسے نمٹنا ہے۔ اگر آپ ان غیر ترجیحی قرضوں کی کم سے کم ادائیگیوں کو پورا نہیں کر سکتے تو ایسا کرنے میں مدد کے لیے ہو سکتا ہے آپ کو قرض کے حل کی درخواست کرنے کے آپشن پر غور کرنا پڑے۔ آپ کا مالیاتی مشیر یا آن لائن مشورہ ٹول آپ کے آپشنز کو تفصیل سے بیان کرے گا اور وضاحت کرے گا کہ اگلے اقدامات کیا ہیں اور جب آپ اپنے مالی معاملات کو دوبارہ کنٹرول کرنا شروع کریں گے تو آپ کی مدد کیسے کی جائے گی۔



**میری کہانی:**

"میں نے یقیناً پہلے بھی بجٹ پر عمل کرنے کی کوشش کی تھی اور میں نے اپنے مالیاتی مشیر کو بتایا کہ مجھے تشویش تھی کہ خوراک اور دیگر اشیائے ضروریہ پر خرچ کرنے کے لیے کیا میرے پاس کافی رقم ہو گی۔

"اس نے مجھے بتایا کہ سب سے اہم چیز یہ تھی کہ بجٹ میرے تمام گھریلو بلوں کو پورا کر رہا تھا اور ایسی چیزوں کی اجازت دے رہا تھا جیسے ہر کچھ عرصے کے بعد بال کٹوانا اور خاندان کے افراد کے لیے کچھ تحفے خریدنا۔

"مجھے سکون محسوس ہوا کہ میں اپنے قرضوں سے نمٹ سکتا تھا اور اخراجات کو پورا کرنے کے لیے کافی رقم پس انداز کر سکتا تھا۔ امید ہے کہ مجھے ادائیگیاں کرنے کے لیے دوبارہ فاقے کرنے کی ضرورت نہیں پڑے گی۔"

# بجٹ منصوبہ ساز - آمدنی

چونکہ آپ کے زیادہ تر گھریلو بل اور قرضوں کی ادائیگیاں ہر مہینے کی جاتی ہیں اس لیے آپ کو اپنے بجٹ کے تمام اعداد و شمار ماہانہ رقموں میں تبدیل کر دینے چاہئیں۔

آپ ہر مہینے جو آمدنی حاصل کرتے ہیں اسے آپس میں جمع کر دیں۔ یقینی بنائیں کہ آپ ہر چیز شامل کریں، چاہے یہ اجرتیں ہوں، مراعات ہوں یا پینشنیں ہوں۔ اگر آپ کی کوئی آمدنی ہفتہ وار یا چار ہفتہ وار ادا کی جاتی ہے تو آپ کو یہ اعداد و شمار کیلنڈر کے ماہانہ اعداد و شمار میں بدلنا ہوں گے۔

ایسا کرنے کے لیے آپ کو ماہانہ اعداد و شمار کو 52 سے ضرب دے کر 12 سے تقسیم کرنا ہو گا۔
اس سے آپ کو اپنے بجٹ میں شامل کرنے کے لیے کیلنڈر کے ماہانہ اعداد و شمار حاصل ہو جائیں گے۔

| آمدنی: آپ کو کتنی رقم موصول ہوتی ہے؟* | | |
|---|---|---|
| اگر آپ کی آمدنی تبدیل ہوتی ہے تو ایک اوسط رقم لکھ دیں | **ادائیگی کی رقم**<br>**£** | کتنی دفعہ؟ مثلاً ہفتہ وار، ماہوار |
| کمائیاں | | |
| اجرتیں | | |
| دیگر کمائیاں | | |
| پینشنیں | | |
| سرکاری پنشن | | |
| نجی / کام کی پنشن | | |
| پنشن کریڈٹ | | |
| کوئی اور پنشن | | |

*براہ مہربانی نوٹ کریں کہ ہو سکتا ہے ان تمام چیزوں کا آپ پر اطلاق نہ ہو۔

| مراعات اور ٹیکس کریڈٹس | ادائیگی کی رقم £ | کتنی دفعہ؟ مثلاً ہفتہ وار، ماہوار |
|---|---|---|
| بچے کا وظیفہ | | |
| چائلڈ ٹیکس کریڈٹ | | |
| ورکنگ ٹیکس کریڈٹ | | |
| یونیورسل کریڈٹ | | |
| مقامی رہائشی الاؤنس / رہائشی وظیفہ | | |
| ملازمت اور معاونت کا الاؤنس (Employment and Support Allowance) | | |
| معاونتی آمدنی | | |
| معذوری کا الاؤنس (DLA / PIP) | | |
| بچے کی معذوری کا معاوضہ (DLA / PIP) | | |
| ملازمت متلاشی الاؤنس (مالی تعاون پر مبنی) | | |
| ملازمت متلاشی الاؤنس (آمدنی پر مبنی) | | |
| سٹیچوٹری سک پے | | |
| دیکھ بھال کرنے والے کا الاؤنس | | |
| کوئی اور وظیفہ | | |
| **کوئی اور آمدنی** | | |
| کرایہ دار رکھنا | | |
| انحصار نہ کرنے والوں کی طرف سے مالی تعاون | | |
| بچے کی اعانت / دیکھ بھال | | |
| طالب علمی قرضے | | |
| طالب علمی وظیفہ / جزوی وظیفہ | | |
| کوئی اور آمدنی | | |
| **کُل آمدنی** | | |

# بجٹ منصوبہ ساز - خرچ

یہ حساب لگانے کے لیے کہ آپ کتنا خرچ کر رہے ہیں یہ بجٹ شیٹ استعمال کریں۔

| اخراجات: آپ کتنی رقم خرچ کرتے ہیں؟* | | |
|---|---|---|
| اگر آپ کا خرچ تبدیل ہوتا ہے تو ایک اوسط رقم لکھ دیں | **ادائیگی کی رقم £** | **کتنی دفعہ؟ مثلاً ہفتہ وار، ماہوار یا سالانہ** |
| ہاؤسنگ | | |
| کرایہ | | |
| رہن | | |
| محفوظ قرضے / دوسرا رہن | | |
| رہنی سرمایے کی قسط | | |
| سروس چارجز / فیکٹر فیس | | |
| عمارت اور مشمولات کا بیمہ | | |
| کونسل ٹیکس (جس میں پانی اور نکاسی آب شامل ہیں) | | |
| گیس | | |
| بجلی | | |
| گھریلو ایندھن کے دیگر اخراجات | | |
| ٹی وی لائسنس | | |
| بچوں کی دیکھ بھال کے اخراجات | | |
| بالغوں کی دیکھ بھال کے اخراجات | | |
| کرائے پر خریداری | | |
| ذاتی معاہدے پر خریداری | | |
| عدالتی جرمانے | | |
| بچے کی دیکھ بھال / معاونت | | |
| فون کے اخراجات | | |
| گھر کا فون | | |
| موبائل فون | | |

*براہ مہربانی نوٹ کریں کہ ہو سکتا ہے ان تمام چیزوں کا آپ پر اطلاق نہ ہو۔

| گھریلو اخراجات | | |
|---|---|---|
| | ادائیگی کی رقم £ | کتنی دفعہ؟ مثلاً ہفتہ وار، ماہوار یا سالانہ |
| سودا سلف (جیسے خوراک اور دودھ) | | |
| غسل خانے کی اشیا (Toiletries) | | |
| لانڈری اور ڈرائی کلیننگ | | |
| دیگر خوراک اور گھر داری | | |
| نیپیز اور ننھے بچوں کی اشیا | | |
| پالتو جانوروں کی خوراک | | |
| کپڑے اور جوتے | | |
| الکحل | | |
| تمباکو نوشی کی مصنوعات | | |
| اسکول کا یونیفارم | | |
| اخبارات اور رسائل | | |
| جاروب کش | | |
| **ٹرانسپورٹ/سفری اخراجات** | | |
| پبلک ٹرانسپورٹ | | |
| ٹیکسی | | |
| فیول (پٹرول، ڈیزل، تیل وغیرة) | | |
| گاڑی کا بیمہ | | |
| پارکنگ کے اخراجات | | |
| ٹال کے اخراجات | | |
| روڈ ٹیکس | | |
| بریک ڈاؤن بیمہ | | |
| MOT اور دیکھ بھال کے اخراجات | | |
| دیگر ٹرانسپورٹ اور سفر | | |

| دیگر اخراجات | ادائیگی کی رقم £ | کتنی دفعہ؟ مثلاً ہفتہ وار، ماہوار یا سالانہ |
|---|---|---|
| جائے کار پر کھانے | | |
| اسکول کے کھانے | | |
| دانتوں یا آنکھوں کے ڈاکٹر | | |
| بالوں کی دیکھ بھال | | |
| سیٹلائٹ ٹی وی | | |
| انٹرنیٹ | | |
| مشاغل، تفریح یا کھیل | | |
| تعلیم کی فیس | | |
| اسکول کے کلب | | |
| جیب خرچ | | |
| گھریلو مرمت اور دیکھ بھال | | |
| ونڈو کلینر | | |
| باغ بانی | | |
| طبی / حادثاتی بیمہ | | |
| جانوروں کے ڈاکٹر کے بل اور پالتو جانوروں کا بیمہ | | |
| خیراتی عطیات | | |
| مذہبی تحائف | | |
| سالگرہ کے تحائف | | |
| کُل اخراجات | | |

| خلاصہ | |
|---|---|
| کُل آمدنی | |
| کُل اخراجات | |
| زائد (خسارہ) | |

اخراجات کو اپنی آمدنی سے تفریق کریں اور آپ کو اپنا بجٹ حاصل ہو جائے گا۔ مزید معلومات کے لیے صفحہ نو دیکھیں۔

# رقم کا مشیر کیا تجویز کرے گا؟

ہر شخص کے حالات مختلف ہوتے ہیں اور ہر شخص کو اپنے انفرادی قرضوں سے نمٹنے کے لیے صحیح راستہ تلاش کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ قرض سے متعلق مشورے کے اختتام پر آپ کو اپنی صورتِ حال کی بنیاد پر تجاویز دی جائیں گی اور اکثر آپ کے پاس انتخاب کرنے کے لیے مختلف آپشنز ہوں گے۔ آپ کو قرض کے کسی حل، اگر آپ کو یہ تجویز کیا گیا ہے، کے لیے درخواست کرنے کے طریقے کے بارے میں معلومات فراہم کرنے کے علاوہ، آپ کو اپنے بجٹ کا انتظام کرنے اور اپنے قرض خواہوں سے نمٹنے کے لیے عملی تجاویز موصول ہوں گی۔

قرض کے کسی حل پر پیش رفت کرنے کے لیے درخواست کا ایک عمل پورا کرنا پڑے گا؛ آپ کا مالیاتی مشیر تفصِل بتائے گا کہ وہ اس دوران آپ کی مدد کیسے کرے گا۔

**قرض کے حل عام طور پر تین زمروں میں آتے ہیں:**

1. قرضوں کی ادائیگی
2. قرضوں کی مکمل یا جزوی معافی (write-off)
3. عارضی، تھوڑے عرصے کے آپشنز، جب تک آپ کے حالات تبدیل نہ ہو جائیں

قرض کے رسمی اور غیر رسمی حل دستیاب ہیں جو آپ کے لیے مفید ہو سکتے ہیں۔ قرض کے مختلف مشیروں نے آپ کی مدد کے لیے مختلف طریقے لاگو کیے ہوئے ہیں۔ مندرجہ ذیل صفحے آپ کو اس بارے میں معلومات فراہم کرتے ہیں کہ StepChange Debt Charity Scotland کی پیش کش کیا ہے۔ چاہے آپ جو بھی حل منتخب کریں قرض کے مشورے کی تنظیم کو آپ کی اعانت کرنی چاہیے اور قرض لینے کے عمل کے دوران آپ کی مدد کرنی چاہیے۔

قرض کے مختلف حلوں کا کریڈٹ فائلوں پر اثر پڑ سکتا ہے اور آپ کا مالیاتی مشیر وضاحت کر سکتا ہے کہ اس کا آپ پر ممکنہ اثر کیا ہو سکتا ہے۔

اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کا کوئی قرض خواہ عدالتوں کے ذریعے اپنے قرض کی ادائیگی چاہ رہا ہے تو آپ عدالتی کارروائی سے بچنے کے لیے **قانونی مہلت** کے ایک عرصے کی درخواست کر سکتے ہیں۔ اس سے آپ کو اپنے قرضوں کے بارے میں مشورہ اور اعانت حاصل کرنے کے دوران تحفظ حاصل ہو جائے گا۔

اس عرصے میں آپ کے قرض خواہ قرضے واپس لینے کے لیے آپ کے خلاف بیشتر کارروائیاں نہیں کر سکیں گے۔

# 1: قرض کے حل - اپنے قرض ادا کرنا

**قرضوں کے نظم کی اسکیم** (DAS) اتنے عرصے میں اپنے قرض مکمل طور پر ادا کرنے میں آپ کی مدد کرتی ہے جس کا آپ نظم کر سکتے ہیں۔ اپنے تمام گزر بسر کے اخراجات کی ادائیگی کے بعد آپ اپنے بجٹ کی بنیاد پر قابلِ استطاعت ماہانہ ادائیگیاں کرتے ہیں، جنہیں آپ کے قرض خواہوں میں تقسیم کر دیا جاتا ہے۔ آپ عموماً عدالتی نفاذ کی کارروائی سے محفوظ رہتے ہیں اور جب آپ اپنی ادائیگیاں کر رہے ہوتے ہیں تو آپ کے قرضوں پر لاگو سود اور اخراجات منجمد کر دیے جاتے ہیں۔

جب کوئی شخص DAS کے جزو کے طور پر قرضوں کی ادائیگی کے پروگرام (DPP) کے لیے درخواست دیتا ہے تو ایسی کوئی پابندی نہیں ہوتی کہ اس شخص پر کم سے کم یا زیادہ سے زیادہ کتنا قرض ہونا چاہیے۔

آپ منظور شدہ مالیاتی مشیریا **دیوالیہ پن کے پیشہ ور ماہر** کی مدد سے DPP کے لیے درخواست دیتے ہیں۔ وہ چیک کریں گے کہ کیا آپ اہل ہیں، آپ کے لیے درخواست تیار کریں گے اور سارے عمل کے دوران آپ کی معاونت کریں گے۔ آپ کے DPP پر اتفاق ہونے کے بعد آپ کی تفصیلات DAS رجسٹر میں ڈال دی جائیں گی۔ یہ آن لائن رجسٹر ہے جس تک کوئی بھی رسائی کر سکتا ہے۔ مزید یہ کہ آپ کی کریڈٹ فائل پر چھ سال کے لیے آپ کا DPP ریکارڈ ہو جائے گا۔

ہو سکتا ہے آپ اپنے قرضوں کی ہر مہینے ادائیگی کے لیے اپنی کچھ رقم بچانے کے قابل ہو جائیں، اور اگر آپ کی صورت حال بدل جاتی ہے تو آپ کی اتفاق کردہ ادائیگیوں کو ایڈجسٹ کیا جا سکتا ہے۔

DPP آپ کے زیرِ ملکیت چیزوں پر اثر انداز نہیں ہو گا جیسے آپ کا گھر یا گاڑی۔ چونکہ آپ کے قرض خواہ تمام اخراجات ادا کریں گے اس لیے آپ کوئی فیس ادا نہیں کریں گے۔

اگر آپ کو رقم کی ادائیگی میں مشکل کا سامنا ہے تو DAS میں کافی اقسام کے اہم تحفظ موجود ہیں۔ آپ اپنے مالیاتی مشیر سے رابطہ کر سکتے ہیں جو آگے بڑھنے کے بہترین طریقے کے بارے میں آپ کو مشورہ دے سکتا اور مدد کر سکتا ہے۔ ہو سکتا ہے یہ طریقہ یہ ہو کہ آپ جو رقم ادا کرتے ہیں کچھ عرصے کے لیے اسے تبدیل کر دیا جائے یا زیادہ سے زیادہ چھ ماہ کے لیے ادائیگیاں روکنے سے اتفاق کر لیا جائے۔ کسی ہنگامی صورتِ حال میں آپ سال میں دو ادائیگیاں چھوڑنے کا انتظام کر سکتے ہیں، لیکن ایسا کرنے سے پہلے آپ کو اپنے مالیاتی مشیر سے بات کرنی چاہیے۔

StepChange Debt Charity Scotland کی ہمارے گلاسگو دفتر میں منظور شدہ مالیاتی مشیروں کی ایک ٹیم موجود ہے۔ ہم درخواست کے عمل کے دوران آپ کی مدد کریں گے، آپ کی اہلیت چیک کریں گے، آپ کے قرض خواہوں سے رابطہ کریں گے اور آپ کا درخواست فارم پُر کریں گے۔ ہم پورے یو کے میں سینکڑوں قرض خواہوں کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں۔ DPP کی درخواست کے عمل اور DPP کی مکمل مدت کے دوران آپ کی مدد کرنے کے لیے ہمارے پاس مشیروں کی مخصوص ٹیمیں ہیں۔ اگر آپ کے حالات تبدیل ہوتے ہیں تو ہم ہر مرحلے پر مدد کے لیے موجود ہیں۔

ہم DAS ادائیگیوں کے تقسیم کار بھی ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ہم آپ کے براہ راست قرضے ترتیب دیں گے، آپ کی ماہانہ آمدنیوں کو انجام دیں گے اور آپ کے قرض خواہوں کو ادائیگیاں کریں گے۔ نیز ہم آپ کے ہمارے ساتھ گزارے ہوئے سارے وقت میں مدد اور مشورہ بھی فراہم کرتے ہیں۔ ہم یہ دیکھنے کے لیے آپ کی صورتِ حال کا جائزہ لیں گے کہ آپ کیسے پیش رفت کر رہے ہیں، آپ کی ادائیگیاں تبدیل کرنے کے لیے درخواست دیں گے یا جب آپ کو انتہائی ضرورت ہو گی تو ادائیگیوں میں توقف کا انتظام کریں گے۔

**قرضوں کے نظم کا منصوبہ** (DMP) اتنے عرصے میں اپنے قرض مکمل طور پر ادا کرنے کی آپ کو اجازت دیتی ہے جس کا آپ نظم کر سکتے ہیں۔ عموماً کوئی اور تنظیم آپ کی خاطر DMP کا انتظام کرتی ہے، جیسے کوئی قرضوں کے نظم کی کمپنی یا قرضوں کا رفاعی ادارہ جیسے StepChange Debt Charity Scotland۔ آپ قابلِ استطاعت ماہانہ ادائیگیاں کرتے ہیں جو آپ کے غیر ترجیحی قرضوں کے قرض خواہوں کے درمیان تقسیم کر دی جاتی ہیں۔

کسی DMP کے لیے درخواست دیتے ہوئے آپ کے پاس قرض کی کوئی کم سے کم یا زیادہ سے زیادہ رقم ہونا ضروری نہیں ہے۔ عموماً کوئی فیس نہیں ہوتی کیونکہ DMP کے اخراجات قرض خواہ ادا کرتے ہیں۔ لیکن کچھ فراہم کنندگان سیٹ اپ کرنے کی فیس یا ماہانہ فیس وصول کریں گے۔

اگرچہ DMP لچکدار ہوتا ہے اور اسے آپ کی آمدنی یا اخراجات تبدیل ہونے کی صورت میں ان کے مطابق ڈھالا جا سکتا ہے لیکن DAS کی نسبت کم تحفظ حاصل ہوتا ہے۔ سود اور چارجز ہمیشہ ایک جیسے نہیں ہوتے، اگرچہ زیادہ تر قرض خواہ مدد کرنے کی کوشش کریں گے۔ آپ کے قرض خواہ ابھی بھی مزید کارروائی کر سکتے ہیں، مثلاً وہ آپ کا قرض کسی **کلیکشن ایجنسی** کو دے سکتے ہیں یا عدالتی کارروائی شروع کر سکتے ہیں۔

تخفیف کردہ ادائیگیاں زیادہ لمبے عرصے کے انتظام کی طرف لے جا سکتی ہیں اور ان سے آپ کی کریڈٹ فائل پر منفی اثر پڑ سکتا ہے۔

StepChange Debt Charity Scotland ہمارے کلائنٹس کے لیے مفت DMPs فراہم کرتا ہے۔ ہم پورے یو کے میں سینکڑوں قرض خواہوں کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں۔ DMP کی درخواست کے عمل اور DMP کی مکمل مدت کے دوران آپ کی مدد کرنے کے لیے ہمارے پاس مشیروں کی مخصوص ٹیمیں ہیں۔ اگر آپ کے حالات تبدیل ہوتے ہیں تو ہم ہر مرحلے پر مدد کے لیے موجود ہیں۔

**رہائشی رہن** یا **ایکویٹی ریلیز۔** اگر آپ کسی گھر کے مالک ہیں تو ایک ممکنہ حل یہ ہو سکتا ہے کہ رہائشی رہن یا ایکویٹی ریلیز منصوبے کے ذریعے اپنے گھر سے **ایکویٹی** کو آزاد کریں۔

اپنے گھر کی ایکویٹی کو پیسے کے طور پر استعمال کرتے ہوئے واجب الادا رہن یا غیر محفوظ قرض ادا کرنا یا اپنی رہن کی ادائیگیاں کم کرنے کے لیے اپنے گھر کو دوبارہ گروی رکھوانا آپ کے قرض کو کنٹرول کرنے میں مددگار ہو سکتا ہے۔ لیکن ان آپشنز سے لمبے عرصے کے لیے آپ کے قرض کے اخراجات میں اضافہ ہو سکتا ہے اور اس بات پر اثر پڑ سکتا ہے کہ آپ کتنی مراعات کا دعوی کر سکتے ہیں یا آپ وراثت میں جو کچھ چھوڑتے ہیں اس کی ویلیو کیا ہو گی۔

اگر آپ اپنے رہن کی ادائیگیاں باقاعدگی سے نہیں کرتے تو آپ کا گھر **دوبارہ قبضے میں لیا** جا سکتا ہے، اس لیے اپنے گھر کے عوض مزید قرضے حاصل کرنے سے پہلے آپ کو اس پر غور کر لینا چاہیے۔

StepChange Financial Solutions* کے پاس ماہر مشیر ہیں جو ان آپشنز کے بارے میں آپ کو درکار معلومات فراہم کر سکتے ہیں اور رہائشی رہن یا ایکویٹی ریلیز منصوبے کے درست حل ہونے کی صورت میں آپ کو سفارش فراہم کر سکتے ہیں۔

# 2: قرض کے حل - جہاں آپ کا سارا یا جزوی قرض معاف ہو جاتا ہے

**دیوالیہ پن** اس صورت میں ایک آپشن ہو سکتا ہے جب آپ مقروض ہوں لیکن آپ کے پاس قرضے واپس کرنے کا کوئی وسیلہ نہ ہو۔ آپ مالیاتی مشیر یا دیوالیہ پن کے پیشہ ور ماہر کے ذریعے اپنے دیوالیہ پن کی درخواست کر سکتے ہیں۔ آپ کے مشیر بھی عدالت میں درخواست دے کر آپ کو دیوالیہ کر سکتے ہیں، اگرچہ وہ عموماً پہلے دوسرے طریقوں سے اپنی رقم وصول کرنے کی کوشش کریں گے۔

دیوالیہ پن سنجیدہ آپشن ہے اور اس کے اہم نتائج ہو سکتے ہیں جیسے کچھ نوکریوں پر اثر پڑنا یا نوکری سے نکالا جانا۔ اس آپشن پر غور کرنے سے پہلے آپ کو ہمیشہ اپنی **ملازمت کی شرائط** چیک کرنی چاہئیں۔ جب آپ دیوالیہ ہوں گے تو آپ کا بینک آپ کے اکاؤنٹ بند یا منجمد کر سکتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کو غالباً کسی اور فراہم کنندہ کے پاس اکاؤنٹ کھولنا پڑے گا اور آپ دیوالیہ پن ختم ہونے تک صرف بنیادی بینک اکاؤنٹ حاصل کر پائیں گے۔ کچھ نجی مالک مکان اپنے کرایہ داروں کے دیوالیہ ہونے کے بعد انہیں گھر سے نکال سکتے ہیں یا کرائے کے معاہدوں پر نظرِ ثانی سے انکار کر سکتے ہیں۔

**کم سے کم اثاثوں کا طریقہ کار (MAP)** اگر آپ **اثاثوں** جیسے مکان کے مالک نہیں ہیں اور آپ کا کُل قرض کم سے کم £1,500 لیکن مجموعی طور پر £25,000 سے کم ہے تو آپ MAP دیوالیہ پن کی درخواست کر سکتے ہیں۔

آپ کی آمدنی صرف مراعات کی صورت میں ہونی چاہیے یا آپ کے بجٹ کو ظاہر کرنا چاہیے کہ آپ کے پاس اپنے قرضوں کی ادائیگی کے لیے کوئی رقم نہیں ہے۔ MAP دیوالیہ پن دیے جانے سے پہلے بعض شرائط کا پورا ہونا لازمی ہے، جن میں درج ذیل شامل ہیں:

- آپ اپنے گھر، زمین یا عمارت کے مالک نہیں ہو سکتے
- آپ کے کُل اثاثے £2,000 سے زیادہ نہیں ہو سکتے
- آپ کے زیرِ ملکیت کوئی بھی انفرادی اثاثہ £1,000 سے زیادہ مالیت کا نہیں ہو سکتا، لیکن اگر آپ کے پاس ایسی گاڑی ہے جس کی مالیت £3,000 سے زیادہ نہیں اور جس کے بارے میں اتفاق ہے کہ آپ کو اس کی ضرورت ہے تو اسے شمار نہیں کیا جائے گا

MAP دیوالیہ پن کو **پبلک رجسٹر** پر رجسٹر کیا جائے گا لیکن یہ آپ کو ایک نئی شروعات دیتا ہے اور آپ کے بہت سے قرضے معاف ہو جاتے ہیں۔ دیوالیہ پن دیے جانے کے چھ ماہ کے بعد آپ اس عمل کے آخر تک پہنچ جائیں گے (یا ڈسچارج کر دیے جائِیں گے) لیکن آپ کی کریڈٹ فائل پر زیادہ لمبے عرصے تک اثر پڑے گا۔

ہو سکتا ہے آپ کو دیوالیہ پن کے اکاؤنٹنٹ کو، جو اسکاٹ لینڈ میں دیوالیہ پن کے تمام واقعات کی نگرانی اور انتظام کرتا ہے، £150 کی مختصر سی فیس پیشگی ادا کرنی پڑے (اگر آپ بعض مراعات حاصل کرتے ہیں تو یہ مفت ہو گا)۔

StepChange Debt Charity Scotland کے پاس گلاسگو میں تربیت یافتہ مالیاتی مشیروں کی ایک مخصوص ٹیم ہے جو MAP دیوالیہ پن کی درخواست کرنے کے لیے مفت آپ کی مدد کریں گے۔ وہ چیک کریں گے کہ کیا آپ اہل ہیں، وہ درخواست فارم پُر کریں گے اور سارے عمل کے دوران آپ کی معاونت کریں گے۔

**مکمل انتظامی دیوالیہ پن** اگر آپ MAP دیوالیہ پن کی درخواست دینے کے معیار پر پورا نہیں اترتے اور آپ کے پاس اپنے قرضے واپس کرنے کے وسائل نہیں ہیں تو پھر بھی آپ دیوالیہ ہونے کی درخواست کر سکتے ہیں۔ آپ کم سے کم £3,000 کے مقروض ہونے چاہئیں۔ کوئی زیادہ سے زیادہ رقم نہیں ہے۔

آپ کو دیوالیہ پن کے اکاؤنٹنٹ (AiB) کو، جو اسکاٹ لینڈ میں دیوالیہ پن کے تمام واقعات کی نگرانی اور انتظام کرتا ہے، £150 کی فیس پیشگی ادا کرنی پڑے (اگر آپ بعض وظائف حاصل کرتے ہیں تو یہ مفت ہو گا)۔

اگر آپ اثاثوں کے مالک ہیں تو آپ کے قرضوں کی ادائیگی کے لیے انہیں بیچا جا سکتا ہے۔ اس میں آپ کا گھر شامل ہو سکتا ہے۔ اگر آپ گاڑی کے مالک ہیں جس کی لاگت £3,000 سے زیادہ نہیں ہے اور جس کی آپ کو معقول بنیادوں پر ضرورت ہے، جیسے کام پر جانے کے لیے، تو یہ عموماً بیچی نہیں جائے گی۔

اگر آپ کی آمدنی صرف مراعات سے آتی ہے تو آپ کو اپنے دیوالیہ پن کے اخراجات یا اپنے قرضوں کے لیے ماہانہ کچھ ادا نہیں کرنا پڑے گا۔ اگر آپ کے بجٹ سے یہ پتہ چلے کہ آپ کے تمام گھریلو اخراجات ادا ہونے کے بعد آپ کچھ مالی تعاون کر سکتے ہیں تو وہ آپ کو اپنے امین (وہ شخص جو آپ کے دیوالیہ پن کے انتظام کی نگرانی کرتا ہے) کو چار سالوں تک دینا ہو گا۔

AiB تمام درخواستوں کے بارے میں فیصلے کرتا ہے اور ایک پبلک رجسٹر میں دیوالیہ پن کے تمام اوارڈز رجسٹر کرتا ہے۔ دیوالیہ پن کے زیادہ تر اوارڈز میں وہ امین ہوتے ہیں۔ دیوالیہ پن دیے جانے کے ایک سال کے بعد آپ کو ڈسچارج کر دیا جائے گا لیکن آپ کی کریڈٹ فائل پر زیادہ لمبے عرصے تک اثر پڑے گا۔ دیوالیہ پن کے اختتام پر زیادہ تر واجب الادا قرض معاف ہو جاتا ہے۔

StepChange Debt Charity Scotland کے پاس گلاسگو میں تربیت یافتہ مالیاتی مشیروں کی ایک مخصوص ٹیم ہے جو MAP یا مکمل انتظامی دیوالیہ پن کی درخواست کرنے کے لیے مفت آپ کی مدد کریں گے۔

**Trust deed** اگر آپ اپنے قرضوں کی مد میں کچھ ادا کر سکتے ہیں لیکن واجب الادا سارا قرض واپس نہیں کر سکتے تو بھروسے کا معاہدہ (Trust Deed) ایک اچھا حل ہو سکتا ہے۔ آپ کسی دیوالیہ پن کے پیشہ ور ماہر (جسے امین کہا جاتا ہے) کی مدد سے بھروسے کے معاہدے کی درخواست کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کی آمدنی صرف مراعات سے آتی ہے تو آپ بھروسے کے معاہدے کے لیے درخواست نہیں دے سکتے۔

یہ آپ اور آپ کے قرض خواہوں کے درمیان اپنے قرض کا ایک حصہ ادا کرنے کے لیے معاہدہ ہے اور باقی قرض عموماً معاف کر دیا جاتا ہے۔

اپنے قرض خواہوں کو براہ راست ادائیگیاں کرنے کی بجائے آپ اپنے بھروسے کے معاہدے کا نظم و نسق کرنے والے امین کو ادائیگی کریں گے۔ آپ کے قرض خواہوں سے پوچھا جائے گا کہ آپ جو پیش کش کر رہے ہیں کیا وہ اس کو قبول کرتے ہیں اور اگر وہ اتفاق کرتے ہیں تو آپ کے بھروسے کے معاہدے کو تحفظ حاصل ہو گا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ سود اور اخراجات منجمد ہو جائیں گے اور جب آپ بھروسے کے معاہدے کی شرائط کو پورا کر رہے ہوں گے تو آپ کا کوئی بھی قرض خواہ آپ کے خلاف عدالتی حکم کے نفاذ کی کارروائی نہیں کر سکے گا۔

تحفظ یافہ بھروسے کے معاہدے کم سے کم چار سال تک رہتے ہیں اور آپ پر کم سے کم £5,000 کا قرض ہونا ضروری ہے۔ آپ کا امین آپ سے آپ کے بجٹ کی بنیاد پر ہر مہینے یا اکٹھے قابلِ استطاعت ادائیگیاں وصول کرے گا۔ ہو سکتا ہے آپ کو اپنے زیرِ ملکیت غیر ضروری اثاثے فروخت کرنا پڑیں، بشمول آپ کے گھر کی کسی ایکویٹی کے۔

اس کا امکان نہیں ہے کہ آپ کو بھروسے کا معاہدہ کرنے کے لیے پیشگی فیس ادا کرنی پڑے گی۔ بھروسے کا معاہدہ ایک پبلک رجسٹر میں مندرج کیا جائے گا اور آپ کی کریڈٹ ریٹنگ پر چھ سال تک اثر پڑے گا۔

امین کی فیس اور اخراجات بھروسے کے معاہدے کے دوران ان کی وصول کردہ رقم سے ادا کیے جاتے ہیں۔ اگر آپ کی صورتِ حال تبدیل ہوتی ہے تو آپ اپنے امین سے یہ دیکھنے کے لیے رابطہ کر سکتے ہیں کہ آپ اپنی ادائیگیوں میں ترمیم کرنے کے لیے کیا کر سکتے ہیں۔ لیکن اگر آپ کا بھروسے کا معاہدہ ناکام ہو جاتا ہے تو آپ کے دیوالیہ ہونے کا خطرہ ہوتا ہے۔

> StepChange Debt Charity Scotland دیوالیہ پن کے پیشہ ور ماہروں کے منتخب پینل کے ساتھ مل کر کام کرتی ہے۔ ہمارے مالیاتی مشیر چیک کریں گے کہ کیا آپ بھروسے کے معاہدے کے اہل ہیں اور آپ کو اپنے پینل کے پاس بھیجیں گے نیز سارے عمل کے دوران آپ کی مدد کریں گے۔

**مکمل حتمی تصفیہ** اگر آپ کے پاس مکمل رقم موجود ہو تو آپ مکمل اور حتمی تصفیے کی پیش کش کر سکتے ہیں۔ آپ اپنے قرض خواہوں کو براہ راست یا کسی فریقِ ثالث فراہم کنندہ، جیسے StepChange Debt Charity Scotland، کے ذریعے قرض کی مد میں جزوی ادائیگی اور بقایا رقم کی معافی کو قبول کرنے کا کہہ سکتے ہیں۔ کبھی کبھی قرض خواہ کئی مہینوں تک کے لیے بھی ادائیگیاں قبول کر لیں گے۔

عموماً اس کی کوئی فیس نہیں ہوتی۔

> StepChange Debt Charity Scotland کے مشیر یو کے بھر کے قرض خواہوں کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں جو تصفیے کی کسی بھی پیش کش میں بغیر کوئی معاوضہ لیے آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔

# 3: حل - عارضی آپشنز

کبھی کبھی یہ ضروری ہوتا ہے کہ آپ کےحالات تبدیل ہونے تک ایک عارضی حل کا اطلاق کیا جائے، مثال کے طور پر جب آپ زچگی کی چھٹی پر ہوں، نوکری کی تلاش میں ہوں یا کسی بیماری سے صحت یاب ہو رہے ہوں۔

اس میں آپ کے قرض خواہوں سے یہ کہنا شامل ہو سکتا ہے کہ مخصوص مدت کے لیے ادائیگیاں وصول کرنا چھوڑ دیں یا آپ کے حالات تبدیل ہونے تک مختصر سی ٹوکن ادائیگی قبول کر لیں۔ آپ کسی بھی وقت اس کا پوچھنے کے لیے براہ راست اپنے قرض خواہوں سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ بہت سے قرض خواہ اس کی اجازت دے دیں گے، خصوصاً اگر آپ نے قرض کا مشورہ حاصل کیا ہو۔ عموماً وہ ایسا بجٹ دکھانے کا کہیں گے جو نشاندہی کرے کہ آپ فی الحال مکمل ادائیگیاں نہیں کر سکتے۔

یہ حکمتِ عملی آپ کے قرض سے نہیں نمٹتی لیکن یہ دوسری ترجیحات سے نمٹنے کے لیے آپ کو وقت دے سکتی ہے۔

**StepChange Debt Charity Scotland**
ایسے کئی عارضی حلوں کے بارے میں آپ کو مشورہ دے سکتا ہے جو آپ کے لیے مددگار ہو سکتے ہیں۔

آپ کی صورتِ حال جو بھی ہو مدد دستیاب ہے۔ دیر نہ کریں، آج ہی مفت مالیاتی مشیر سے بات کریں۔



**میری کہانی:**

"جب بھی میں آن لائن دیکھتا تھا تو میں قرض کے دستیاب بہت سارے مختلف حل دیکھ کر گھبرا جاتا تھا۔ میں فکرمند تھا کہ کہیں میں زائد رقم نہ ادا کر دوں۔ لیکن میرے مالیاتی مشیر نے میرے لیے بہترین آپشنز کے بارے میں بتایا۔

"ہم نے بجٹ تیار کیا اور مجھے احساس ہوا کہ میں اپنے نئے اوقاتِ کار کی بنیاد پر پانچ سالوں میں اپنے قرضے اتار سکتا تھا۔ میں نے قرض کے نظم کی ایک اسکیم کو اختیار کیا جس میں حالات خراب ہونے پر اضافی تحفظ موجود تھا۔

"مشورہ حاصل کرنے سے میں اپنی رقم کا نظم کرنے کے بارے میں زیادہ پر اعتماد ہو گیا ہوں۔ مدد کی درخواست کرنا میرے اب تک کیے گئے بہترین کاموں میں سے ایک ہے۔ کسی سے بات کرنے کے بعد کئی مہینوں کے بعد مجھے پہلی بار رات کو ٹھیک نیند آئی۔"

# اہم اصطلاحات کی فہرست

یہ فہرست آپ کو ان الفاظ اور اصطلاحات کی سادہ وضاحت فراہم کرتی ہے جو اس معلوماتی پرچے میں استعمال ہوئے ہیں۔

| لفظ | وضاحت |
|---|---|
| **اثاثے** | آپ سے منسوب قیمتی اشیا |
| **اجازت یافتہ** | جب اجازت دی گئی ہو |
| **بجٹ خسارہ** | جب آپ آمدنی سے زیادہ خرچ کرتے ہیں |
| **اضافی بجٹ** | جب آپ کی آمدنی آپ کے اخراجات سے زیادہ ہو |
| **کلیکشن ایجنسی** | ایسی تنظیم جو غیر ادائیگی شدہ قرضے نکلوانے میں مہارت رکھتی ہے |
| **عدالت** | کوئی شخص یا لوگ جو قانونی مسائل سننے اور حل کرنے کے مجاز ہوں |
| **عدالتی حکم کے نفاذ کی کارروائی** | عدالت کی طرف سے فیصلہ دیے جانے کے بعد کہ قرضہ چڑھا ہوا ہے شیرف افسروں کی طرف سے کی گئی کارروائیاں |
| **کریڈٹ ریفرنس ایجنسی** | یہ ایجنسیاں آپ کے کریڈٹ اسکور کا فیصلہ کرنے کے لیے استعمال ہونے والی معلومات کو جمع اور محفوظ کرتی ہیں |
| **کریڈٹ رپورٹ** | آپ کے قرض لینے اور خرچ کرنے کا خلاصہ۔ یہ خلاصہ ایک مجموعی 'کریڈٹ اسکور' بنانے کے لیے شامل کیا جائے گا۔ |
| **قرض خواہ** | لوگ یا تنظیمیں جن سے آپ نے قرض لیا ہوا ہے |
| **ایکویٹی** | موجودہ ویلیو کا واجب الادا ادھار یا قرض نکالنے کے بعد میں فرق |
| **نکالنا** | کسی شخص کو قانون کی مدد سے جائیداد سے نکالنا |
| **کرائے پر خریداری** | ایسا انتظام جس میں خریدار ایک دفعہ ادائیگی کر کے کوئی چیز خریدنے پھر مخصوص مدت میں باقی واجب الادا رقم مع سود ادا کرنے سے اتفاق کرتا ہے |
| **غیر جانبدارانہ** | کسی شخص یا مسئلے کو کسی دوسرے شخص یا مسئلے پر ترجیح دینے سے آزاد |
| **دیوالیہ پن کا پیشہ ور ماہر** | ایسا شخص جو کمپنیوں اور افراد کے ایما پر کام کر سکتا ہے جب وہ 'دیوالیہ پن' یا فوری مالی پریشانی سے گزر رہے ہوں |
| **قانونی مہلت** | ایسی مدت جس کے دوران کسی سرگرمی کی اجازت یا ضرورت نہیں ہوتی |
| **غیر ترجیحی قرضے** | ان قرضوں کو غیر ترجیحی کہا جاتا ہے جن کے ادا نہ کرنے کے نتائج اپنے ترجیحی قرضوں کو ادا کرنے سے کم شدید ہوتے ہیں |
| **ادائیگی کا منصوبہ** | معقول عرصے میں قرض کی ادائیگی کا انتظام |
| **ذاتی معاہدے پر خریداری کے اقرار نامے** | ایسا معاہدہ جو مخصوص مدت کے لیے آپ کو گاڑی یا کوئی اور چیز کرائے پر لینے کی اجازت دیتا ہے |
| **ترجیحی قرضے** | ایسے قرضے جو آپ کے لیے انتہائی سنگین مسائل کا باعث بن سکتے ہیں اگر آپ ان کے بارے میں کچھ نہیں کرتے |
| **عوامی رجسٹر** | عام عوام کے لیے دستیاب معلومات کی شائع شدہ فہرست |
| **دوبارہ حاصل کردہ** | ملکیت واپس حاصل کرنا |
| **شیرف افسر** | شیرف افسر وہ لوگ ہوتے ہیں جو اسکاٹ لینڈ میں عدالتی کاغذات ڈیلیور کرتے یا پہنچاتے ہیں اور عدالتی احکامات کو نافذ کرتے ہیں |
| **ملازمت کی شرائط** | ایک تحریری دستاویز جس میں کام پر آپ کی ملازمت کی معلومات جیسے آپ کی تنخواہ یا معاہدے کی مدت کا خلاصہ بیان کیا گیا ہوتا ہے |
| **غیر منضبط** | قوانین یا ضوابط کی طرف سے کنٹرول یا منظم کردہ نہیں |
| **غیر محفوظ قرضے** | ایسا قرض جسے آپ کی کسی خریدی ہوئی چیز کے بدلے 'محفوظ' نہیں کیا گیا تھا، جیسے گھر یا گاڑی |

# ہم سے رابطہ کریں

ہم 25 سال سے زیادہ عرصے سے لوگوں کی رقم سے متعلق پریشانیوں میں ان کی مدد کر رہے ہیں۔ ہماری مشاورتی ٹیم جو گلاسگو سٹی سینٹر میں واقع ہے اسکاٹ لینڈ کے ہمارے سارے کلائنٹس کی مدد کرتی ہے۔

ہم سو سے زیادہ پارٹنر تنظیموں کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں تاکہ ہم آپ کے مالی معاملات کو دوبارہ صحیح سمت میں موڑنے کے دوران آپ کو مدد کے دوسرے وسائل کی طرف ریفر کر سکیں۔

ہماری سروسز غیر جانبدارانہ اور مفت ہیں۔ ہم ہر سال اسکاٹ لینڈ کے ہزاروں باشندوں کی مدد کرتے ہیں اور مل کر ہم مالی لحاظ سے بحال ہونے اور قرض سے آزاد ہونے میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔

جب آپ پہلی دفعہ ہم سے بات کریں گے یا ہماری ویب سائٹ پر جائیں گے تو ہم آپ کے لیے آگے بڑھنے کا صحیح راستہ تلاش کرنے میں آپ کی مدد کریں گے اور آپ کے سارے سفر میں آپ کی مدد کریں گے۔

ہمیں کال کریں: **0800 138 1111**

ملاحظہ کریں: **stepchange.org**

کیا آپ کو یہ معلوماتی پرچہ مفید لگا؟
ہمیں آپ کے تاثرات جان کر خوشی ہو گی۔
ای میل **scotland@stepchange.org**
اور ہمیں بتائیں کہ آپ کا کیا خیال ہے۔

StepChange Debt Charity Scotland ایک رجسٹرڈ خیراتی ادارہ، نمبر 1016630 اور SC046263، ہے جو فنانشل کنڈکٹ اتھارٹی کی طرف سے اجازت یافتہ اور منضبط کردہ ہے۔

*StepChange Financial Solutions، Consumer Credit Counselling Service (Equity Release) Ltd. کا رجسٹرڈ تجارتی نام ہے اور یہ فنانشل کنڈکٹ اتھارٹی کی طرف سے اجازت یافتہ اور منضبط کردہ ہے۔

## دیگر تنظیمیں جو مدد کر سکتی ہیں

Citizens Advice Scotland (CAS)
**www.cas.org.uk**

میکملن
**www.macmillan.org.uk**

Christians Against Poverty (CAP)
**www.capscotland.org**

شیلٹر
**www.scotland.shelter.org.uk**

یہ ہدایت نامہ دوسری زبانوں اور فارمیٹس میں بھی دستیاب ہے۔ آن لائن ورژن کا آرڈر دینے یا اسے ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے براہ مہربانی **www.stepchange.org/scotland** پر جائیں۔

یہ ہدایت نامہ اسکاٹ لینڈ کی حکومت کی معاونت سے تیار کیا گیا ہے۔

,© 2021 StepChange Debt Charity, Scotland
.2nd Floor, Finlay House, 10-14 West Nile Street, Glasgow G1 2PP

